## 4 دسمبر کو منائے جانیوالے سندھی ٹوپی اجرک ڈے کی بھر پور حمایت کرتے ہیں۔الطاف حسین

## ملک میں آباد تمام قومیتوں کی زبان وثقافت قابل احترام ہے

## قومی یکجہتی کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام نسلی ولسانی اکائیاں اپنی اپنی ثقافت سے پیار کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کی ثقافت کا بھی احترام کریں

لندن۔۔۔29 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ میں 4 دسمبر کو منائے جانے والے سندھی ٹوپی اجرک ڈے کی بھر پور حمایت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں آباد تمام قومیتوں کی زبان وثقافت قابل احترام ہے اور قومی یکجہتی کا تقاضہ ہے کہ ملک کی تمام نسلی ولسانی اکائیاں اپنی اپنی ثقافت سے پیار کرنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کی ثقافت کا بھی احترام کریں تاکہ ان کے درمیان بھائی چارے کو فروغ حاصل ہو اور قومی یکجہتی پروان چڑھے۔ جناب الطاف حسین نے سندھ دھرتی کے عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں سے کہا کہ سندھ امن اور پیار کی دھرتی ہے لہٰذا وہ سندھی ٹوپی اجرک ڈے پر اپنی ثقافت سے اپنے پیار کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی تمام قومیتوں کو بھی امن اور محبت کا پیغام دیں۔

## پاسبان عزا کے رہنماء نیّر زیدی کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## نیئر زیدی پر فائرنگ سے ہلاکت اور بھتیجے کو زخمی کرنے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## واقعہ میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے،

لندن۔۔۔29، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمود آباد کے علاقے میں مسلح دہشت گرد کی فائرنگ سے پاسبان عزا کے رہنماء نیئر زیدی کی ہلاک اور بھتیجے کے زخمی ہونے کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گرد کی فائرنگ سے پاسبان عزا کے رہنماء نیّر زیدی کی ہلاک اور بھتیجے کو زخمی کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محرم الحرام سے قبل ہی شہر میں مذہبی رہنماؤں کی ٹارگٹ کلنگ کا گھناؤنا عمل شہر کا امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے شیعہ وسنی عوام اور علمائے کرام سے اپیل کی کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سبوتاژ کرنے کی گھناؤنی سازشوں سے ہوشیار رہیں، اپنے اردگرد سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور صبر وضبط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔رابطہ کمیٹی نے نیر زیدی کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور ان کے زخمی بھتیجے کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پاسبان عزا کے رہنما نیر زیدی کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس واقعہ میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے مزار پر حاضری وچادر چڑھائی

کراچی۔۔۔29 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سندھ کے معروف صوفی بزرگ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے 1280 ویں عرس کے موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسابق سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال، توصیف خانزادہ، اشفاق منگی نے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی ودرازی عمر، ملک میں امن وامان اور سلامتی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## عوام وکارکنان شریف غوری کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔29، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شہداء اسیران کمیٹی کے رکن شریف غوری کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ شریف غوری کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ شریف غوری ان دنوں عارضہ قلب میں مبتلا ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## جامعہ بنوریہ سائیٹ اور مولانا محمد یوسف لدھیانوی ٹرسٹ جامع مسجد الفلاح کے مفتیان کرام اور علمائے کرام کے مشترکہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔29، نومبر 2010ء

جامعہ بنوریہ سائیٹ اور مولانا محمد یوسف لدھیانوی ٹرسٹ جامع مسجد الفلاح سے تعلق رکھنے والے مفتیان کرام اور علمائے کرام کے ایک 10 رکنی مشترکہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور توصیف خانزادہ سے ملاقات کی ۔وفد کی سربراہی مولانا عبدالصمد سومرو نے کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور اراکین بھی موجود تھے۔مفتیان کرام اور علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں مساجد کے مسائل سے آگاہ کیا اور محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام پر تبادلہ خیال کیا۔وفد نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کو سراہا یا اور اسے مثالی قرار دیا۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## شیخوپورہ میں ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس کے خلاف ایم کیوایم کی عوامی رابطہ مہم
## ڈسٹرکٹ آفس شیخوپورہ سے بڑی ریلی نکالی گئی، چھٹی کھوٹی روڈ پر پرچم کشائی کی تقریب اور بہار کالونی میں کارنر میٹنگ کا انعقاد

شیخوپورہ۔۔۔29، نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام شیخوپورہ میں ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس کے خلاف عوامی رابطہ مہم شروع کر دی گئی ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم ڈسٹرکٹ شیخوپورہ آفس سے بڑی ریلی نکالی گئی جس میں کارکنان اور ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ریلی کی سربراہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا، سیف یار خان، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر قائم خانی اور رکن اظہار احمد نے کی ۔ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کے پورٹریٹ اٹھار کھے تھے۔ریلی لاہور روڈ، بتی چوک سے گزرتی ہوئی شیخوپورہ آفس پر اختتام پذیر ہوئی۔اس موقع پر ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور حکومت میں ایم کیوایم کے شامل رہنے کا مقصد غریب عوام کے بنیادی مسائل کو پارلیمنٹ کے ذریعے حل کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ آرجی ایس ٹی غریب عوام کے گلے پر تلوار چلانے کے مترادف ہے اور ایسے موقع پر جب عوام مہنگائی اور روزگاری کے سبب خودکشیاں کررہے ہیں اور اپنے بچوں تک کو بیچنے پر مجبور ہیں ۔بعدازاں عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں شیخوپورہ کے چھٹی کھوٹی روڈ پر پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے شرکت کی اور پرچم کشائی کی ۔جبکہ سیف یار خان نے بہار کالونی میں منعقدہ بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کیا اور آرجی ایس ٹی پر ایم کیوایم کے مئوقف سے عوام کو آگاہی فراہم کی ۔انہوں نے کہا کہ آرجی ایس ٹی دودھاری تلوار ہے اور غریب عوام سے جینے کا حق چھیننے لینے کے مترادف ہے۔سیف یار خان نے کہا کہ ایم کیوایم عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق کوئی فیصلہ قبول نہیں کریگی اور اس سلسلے میں حق پرستانہ جدوجہد کے ذریعے عوام میں شعوری بیداری پیدا کرتی رہے گی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا نے لاہور میں مقامی اسپتال جا کر معروف فوک سنگر محترمہ عابدہ پروین کی علالت پر انکے اہلخانہ سے عیادت کی

کراچی۔۔۔29 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا نے لاہور میں مقامی اسپتال میں جا کر ملک کی مشہور فوک سنگر محترمہ عابدہ پروین کے اہلخانہ سے عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکی خیریت دریافت کی اور انہیں پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے عابدہ پروین کی جلد مکمل صحتیابی کیلیئے دعا بھی کی۔ بعدازاں عابدہ پروین کے بھائی ہمت علی اور صاحبزادی مریم نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا عیادت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کیلیئے اپنی نیک خواہشات کو اظہار بھی کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائم خانی رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی اظہار احمد کے علاوہ لاہور زون کے زونل انچارج شاہین گیلانی اور زونل کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆